کہتے ہوئے اسلامی انقلاب برپا کردیا؛ جس کی بدولت آج ایران معاشرتی، معاشی، سیاسی حتیٰ کہ ایٹمی میدان میں بھی بے پناہ ترقی کر کے رول ماڈل کا کردار ادا کررہا ہے۔ آج اگر دیگر مسلم ممالک میں بھی ارباب علم و دانش اور اصحاب منبر و محراب علماء کرام اسلام کی سچی اور پاکیزہ تعلیمات کو نوجوانوں کے سامنے پیش کریں تو یقیناً اس کی آواز پر لبیک کہیں گے۔ آج بھی اگر ظلم کو ختم کر کے عادلانہ نظام برپا کردیا جائے تو مسلمان اپنی عظمت رفتہ کو حاصل کرسکتے ہیں۔

ڈاکٹر محمد خالد مسعود چیئرمین، اسلامی نظریاتی کونسل نے جناب آیت اللہ جنتی سربراہ شورائے نگہبان اور ان کے ہمراہ آنے والے وفد کی اسلامی نظریاتی کونسل میں آمد کو تاریخی موقع قرار دیتے ہوئے مہمانان گرامی کا خیر مقدم کیا اور انہوں نے شورائے نگہبان اور اسلامی نظریاتی کونسل کے وفود کے باہمی تبادلوں کو ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ کے لیے ایک مفید اور مؤثر قدم قرار دیا۔


شورای نگهبان
دبیر

جمهوری اسلامی ایران

شماره: ۲۰/۲۷۱۹۳
تاریخ: ۸۷/۳/۱۱
پیوست:
طبقه‌بندی:

باسمه تعالی

جناب آقای دکتر خالد مسعود
رئیس محترم شورای ایدئولوژی اسلامی پاکستان

سلام علیکم

اکنون که از سفر بسیار مفید پاکستان به میزبانی شورای محترم ایدئولوژی اسلامی به میهن عزیز بازگشته ایم لازم می دانم از پذیرائی بسیار خوب همراه با مهربانی فراوان جنابعالی و سایر اعضاء محترم تشکر و قدردانی نمایم.

حضور در جمع همکاران شما در شورای ایدئولوژی، ملاقات با رئیس جمهور محترم پاکستان، رؤسای محترم مجالس سنا و ملی و بازدید از دادگاه شریعت و ملاقات با رئیس و اعضاء محترم این دادگاه از جمله مواردی بود که برای هیات جمهوری اسلامی ایران مفید و آموزنده بود.

همچنین دیدار با علمای اسلامی و بحث و گفتار پیرامون مباحث مشترک اسلامی فرصت مغتنمی بود که ان شاءالله ادامه یابد.

ضمن تشکر مجدد از میزبانی آن شورا، امیدوارم که انجام اینگونه ملاقاتها به توسعه روابط همه جانبه بین دو کشور دوست و برادر جمهوری اسلامی پاکستان و جمهوری اسلامی ایران منجر شود.

احمد جنتی
دبیر شورای نگهبان

جناب ڈاکٹر محمد خالد مسعود، چیئرمین، اسلامی نظریاتی کونسل

اب جبکہ ہم اسلامی نظریاتی کونسل کی میزبانی میں پاکستان کا نہایت مفید دورہ مکمل کر کے ایران واپس آچکے ہیں، ضروری سمجھتا ہوں کہ آپ اور آپ کے دیگر اراکین کی نہایت پرخلوص پذیرائی کا شکریہ ادا کروں۔ اسلامی نظریاتی کونسل میں آپ کے اراکین کے ساتھ میٹنگ، صدر پاکستان، سینٹ کے چیئرمین، پارلیمنٹ کی اسپیکر سے ملاقات، وفاقی شرعی عدالت کا دورہ اور اس کے سربراہ اور دیگر جج صاحبان سے ملاقات ان جملہ موارد میں سے ہے جو اسلامی جمہوریہ ایران کے وفد کے لیے بہت اہم اور مفید تھے۔

اسی طرح علمائے اسلام سے ملاقات اور مشترکہ اسلامی مباحث پر بحث و گفتگو ایک ایسا مناسب موقع تھا جس کو انشاء اللہ جاری رہنا چاہیے۔

میں ایک بار پھر اسلامی نظریاتی کونسل کی میزبانی کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور مجھے امید ہے کہ اس قسم کی ملاقاتوں سے دونوں ممالک اور برادر ممالک کے درمیان ہمہ گیر تعلقات کو مزید فروغ حاصل ہوگا۔

احمد جنتی سیکرٹری، شورائے نگہبان